RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۹۴ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ جمادی الاولی ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۲۶ نومبر ۱۸۹۴ء | جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	نمبر صفحہ	نمبر	نام مضمون	نمبر صفحہ
	احکام اجلاس کامل				
۱	رخصت بابو بلدیو پرشاد سب انجینیر	۱	۴	روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر بابت تصدیق ... تنخواہ ...	۲
۲	استعفا از ... مولوی ...	۲	۵	روبکار کمیٹی ... بورڈ شہر ...	
۳	حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر ...		۶ و ۷	نقشہ ...	
	نام مہمانان ...	۲	۸	اشتہار نیلام ...	

حکم اجلاس کامل — واقع ۱۹ نومبر ۱۸۹۴ء

دربارہ رخصت سہ ماہہ رعایتی بابو بلدیو پرشاد سب انجینیر

آج پیش بحضور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی باتفاق تجویز ہوا کہ رخصت رعایتی بابو بلدیو پرشاد سب انجینیر بابت سہ ماہ منظور ہے مثل بنابر اجرای احکام باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

صاحب چیف انجینیر بہادر کو تجویز کونسل سے اطلاع دیجاوے اور ایک نقل اسکی درج گزٹ کیجاوے — ۲۱ نومبر ۱۸۹۴ء اعلیٰ سوی

[illegible]

حکم اجلاس کونسل واقع ۱۹ نومبر ۱۸۹۴ء

چونکہ مولوی فرخی صاحب میر منشی و پرشین ٹیوٹر ہز ہائنس نواب صاحب بہادر کے تعلقات معتبر اس ریاست کے ساتھ ایسے ہین کہ اونکو حق حاصل ہونا چاہیے کہ تا تشریح قانون اسلحہ مستثنے رہین لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ مولوی فرخی صاحب کو حصول لیسنس اسلحہ سے مستثنے کیا جاوے۔ نقل روبکار ہذا باجلاس صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر مرسل ہو کہ سررشتہ پولیس کو حسب ضابطہ اطلاع دیجاوے اور ایک نقل حکم ہذا میر منشی صاحب کو دیجاوے۔

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل عالیہ حکم سررشتہ پولیس مین بھیجا جاوے اور نقل اس حکم کی میر منشی صاحب کو دیجاوے اور ایک نقل روئداد برائے درج گزٹ مرسل ہو۔ ۲۱ نومبر ۱۸۹۴ء

حکم صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر

دربارہ ترقی حکیم دیبی داس باضافہ چار روپیہ ماہوار و اخراج نام تہان سنگھ کہال متوفے۔

حکیم دیبی داس کی باضافہ چار روپیہ ماہوار دس روپیہ تنخواہ مقرر کیجاوے احکام ترقی دیبی داس و اخراج نام تہان سنگھ جاری ہون اور درج گزٹ ہو۔ حکیم صاحب کو لکہا جاوے

کہ دوسرے شخص کے تقرر کی ضرورت نہین ہے۔

۲۰ نومبر ۱۸۹۴ء

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۰ نومبر ۱۸۹۴ع

صیغہ اوقاف مین دو قسم کے تنخواہ دار ہین ایک وہ کہ جنکے متعلق کچھ خدمات بہی ہین اور ایک وہ جو بلاخدمت تنخواہ پاتے ہین اور یہ تنخواہین اوقاف کی بعین حیات ہین قسم اول کے مشاہرہ دار جب مرتے ہین تو اونکے انتظام اسامی کی رپورٹ آتی ہی یا امیدوار انکی عرضیان پیش ہوتی ہین قسم دوم کے مشاہرہ داران کی حیات و ممات کی کوئی اطلاع نہین آتی ماہ ہای گذشتہ مین رامپور مین بیماری کی بہت کثرت رہی جسمین صدہا آدمی مرگئے ہمارے سامنے کوئی اطلاع کسی مشاہرہ دار بلاخدمت کی وفات کی نہین آئی لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے۔

(۱) صاحبزادہ میانجان خان صاحب جملہ تنخواہ داران کی حیات و ممات کا حال تحقیق کرکے ۳۰ نومبر تک رپورٹ بھیجین۔

(۲) آیندہ جب براورد تنخواہ وقف صاحبزادہ میانجان خان صاحب مرتب کرکے بھیجا کرین اوسکے ساتھ ایک رپورٹ تصدیقی اس امر کی شامل کیا کرین کہ جملہ تنخواہ داران وقت حیات ہین بعد ملاحظہ اس تصدیق کے روپیہ کی اجرائی کا حکم ہوا کریگا۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا باجلاس صاحبزادہ میانجان خان صاحب اور ایک نقل باجلاس منشی فوق مرسل ہو اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۱۸ نومبر ۱۸۹۴ء

ملاحظہ ہوا درج گزٹ ہو۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۸ نومبر ۱۸۹۴ء

جناب مولوی محمد اصغر صاحب سشن جج بہادر صدر نشین کمیٹی

منشی محمد ہادی حسن خان صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع نائب صدر نشین کمیٹی

صاحبزادہ محمد اشفاق حسین خان صاحب انچارج سکریٹری بورڈ

اسمائے شرکاء جلسہ

ملازمین		غیر ملازمین	
۱- محمد علی رضا خان صاحب	تحصیلدار حضور تحصیل	۱- مولوی محمد عبدالصمد صاحب	وکیل ہیں
۲- حکیم احمد رضا صاحب	مہتمم صدر شفاخانہ یونانی	۲- منشی محمد ابراہیم صاحب	//
		۳- مولوی محمد یعقوب صاحب	//
		۴- میر بہادر علی صاحب	//

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) رپورٹ گرداور صاحب حفظان صحت درباره علیحدگی دکانات قصابان فروشندہ اوجھڑی وغیرہ از وسط بازار۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ کوئی خاص مقام واسطے ان دکانات کے تجویز کرنے کی ضرورت نہیں ہے اہلکاران صفائی اوجھڑی وغیرہ شہر کی اور متعفن پاویں تو حسب ضابطہ مقدمہ قائم کریں۔
(۲) عرضی نذیر ٹھیکہ دار مسلخ بدرخواست تیاری فرش پختہ مع تخمینہ تعدادی [illegible]۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ عام غرض و عام فائدہ تیاری فرش مسلخ سے متعلق نہیں ہے خاص ٹھیکہ دار کا نفع ہے لہذا وہ خود بنا دے کمیٹی امداد یا تعمیر کی سفارش نہیں کر سکتی۔

(۲۳) کاغذات پرچہ اخبار شکایت گوشت کم ہو جانے داغی راسان لاغر۔

بالاتفاق تجویز ہوا کہ نائب گرد آور کو سخت تنبیہ کیجاوے کہ آئندہ لاغر راسوں پر داغ نہ لگایا جاوے ڈاکٹر صاحب نے لکھا ہے کہ گوشت زیادہ ناقص نہیں ہے اسلئے اسمرتبہ درگذر کیا جاوے آئندہ تدارک کیا جاوے گا۔

---

(۲۴) مثل ٹھیکہ کلاداغی بازار ہائے مفصلات۔

بالاتفاق تجویز ہوا کہ صرف تحصیل سوار کے دیہات کی بابت درخواست چھ سو روپیہ سالانہ کی گذری ہے اور درخواست مین نرخ محصول کلاداغی کی تصریح نہیں ہے لہذا معرفت تحصیلدار صاحب درخواست دہندہ سے دریافت کیا جاوے کہ اس ٹھیکہ مین کس نرخ سے محصول کلاداغی لیا جاویگا۔ آیا ۲؍ یا ۱؍ فی راس اور اگر ۵؍ فی راس لینے کی یہ درخواست چھ سو روپیہ سالانہ کی ہے تو ۲؍ یا ۱؍ فی راس لینے کی صورت مین کسقدر رقم پر ٹھیکہ لیا منظور ہے اور دیگر تحصیلات سے بھی دریافت کیا جاوے کہ کس کس قدر رقم پر ٹھیکہ کلاداغی ہو جاویگا۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۹ لغایت ۲۵ نومبر سنہ ۱۸۹۴ع

نام تحصیل	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی												تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	ہیضہ	چیچک	بخار	متفرق	میزان	
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۲	۱۲	۵	۷	۲۶	۷	۱۹	۱۲	۴	۱	۱	۱۴	۴	۲۷	۹	۱۷	۱۹	۰	۰	۳۶	۰	۳۶	۰
ملک	۳	۹	۲	۴	۱۸	۵	۱۳	۳	۴	۱	۱	۶	۴	۱۰	۹	۳	۱۶	۰	۰	۸	۱۱	۱۹	۰
سوار	۱	۴	۳	۰	۸	۱	۷	۲	۱	۰	۰	۳	۳	۵	۳	۶	۸	۰	۰	۰	۸	۸	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
میزان	۶	۲۵	۱۰	۱۱	۵۲	۱۶	۳۶	۱۴	۹	۲	۲	۲۳	۱۰	۴۲	۲۱	۲۶	۳۷	۰	۰	۴۴	۱۹	۶۳	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۱۹ لغایت ۲۵ نومبر سنہ ۱۸۹۴ع

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۰۱۴ار	۱۵ار	۱۵ار	۱۱۵ار	۱۱۵ار	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۱۸ار	۱۸ار	۱۹ار	۱۸۱۹ار	۱۸ار	
نخود کرا آمیز	۰	۰	۱۹ار	۱۸ار	۱۰۲۲ار	۱۸ار	
کسہ	۰	۰	۱۰۲۰ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۰۱۲ار	۱۰۱۲ار	۱۰ار	۱۱۲ار	۱۰ار	
مونگ	۰	۱۰۱۲ار	۱۱۴ار	۱۱۲ار	۰	۱۰ار	
مکا	۰	۱۸ار	۱۰۲۲ار	۲۳ار	۱۰۲۲ار	۲۲ار	
سجے	۰	۰	۲۱ار	۰	۱۰۲۷ار	۰	
کوسجے	۰	۱۶ار	۱۸ار	۰	۱۰۱۳ار	۰	
عدس	۰	۰	۱۶ار	۱۰۱۳ار	۱۱۹ار	۰	
ارہر	۰	۰	۱۸ار	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۲ار	۱۴۳ار	۱۲ار	۱۰۱۲ار	۱۲ار	
روغن زرد	۰	۱۱۰ار	۱/۱ار	۱۱۰ار	۱۱۱ار	۱۱۱ار	
روغن سیاہ	۰	۳/۱ار	۱۰۳ار	۱۰۳ار	۱۰۳ار	۱۰۳ار	
روغن کنجد	۰	۳ار	۱۳ار	۰	۰	۱۳ار	
نمک سانبھر	۰	۱۸ار	۱۹ار	۱۸ار	۱۸ار	۱۸ار	
نمک لاہوری	۰	۱۶ار	۱۰۱۶ار	۰	۰	۱۷ار	
قند سیاہ	۰	۱۸ار	۱۰۱۰ار	۰	۱۰ار	۱۸ار	

اشتہار راسان قابل نیلام مویشیخانہ شہر خاص

نمبر شمار	نمبر رجسٹر مویشی	نام مویشی	رنگ	عمر	سن	داغ و نشان	صورت سینگ	قد	عیب آنکھ یا لنگڑا وغیرہ	قیمت تخمینی	نام گرفتار کنندہ مع ولدیت و سکونت	تاریخ گرفتاری مع وقت	تاریخ نیلام	کیفیت
۱	۸۵	گھوڑی	کمیت ستارہ پیشانی	پنج	۴ر	عیالی دم کالی	.	اوسط	.	۸ر	حشمت علیخان ولد حسن علیخان ساکنہ محلہ گوجر ٹولہ	۱۴ر نومبر ۱۹۴۲ء ۴ بجے شام	۲۹ر نومبر ۱۹۴۲ء	روبرو دروازہ کوتوالی کے نیلام ہوگی۔
۲	۸۶	بچھیری	بادامی بھکسی [illegible]	.	۲ر۸	عیالی دم ہمرنگ [illegible]	.	//	ایک آنکھ سے [illegible] خاکی	[illegible]	//	//	//	//

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور